# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com


CCCI/12/ 134

August 01, 2023

## مجلس عاملہ اجلاس کی روداد

*************

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مجلس عاملہ کا گیارہواں ماہانہ اجلاس 01 اگست 2023 بروز منگل 04:00 بجے صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقار ظفر بخاوری کی زیر صدارت چیمبر سیکریٹریٹ، راولپنڈی روڈ چکوال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں موجود دیگر ارکان کے نام درج ذیل ہیں؛

| |
|---|
| محمد احمد فاروقی (نائب صدر) |

### مجلس عاملہ ممبران

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حاجی محمد ارشد | چوہدری ثاقب عباس | سہیل اختر | غلام حر | گل حمید | شیخ ہارون | |
| صائمہ مقصود ریپریزینٹیٹو (خواجہ عارف یوسف) | | | | | | |

### رخصت

| | | |
|---|---|---|
| عمر سمیع | نعمان افتخار | محمد اسحاق |

تمام ایگزیکٹو ممبران نے گزشتہ ماہ ایگزیکٹو کمیٹی کی روداد کی منظوری دی۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس سے موجودہ اجلاس تک وقوع پذیر ہونے والی تمام سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ گزشتہ ماہ کی مالی معاملات کی رپورٹ پیش کی گئی تمام آمدن اور خرچہ جات کو درست قرار دیا گیا۔

### قرارداد 62

اجلاس میں تمام ارکان کی طرف سے متفقہ طور پر درج ذیل نئے ممبران کی رکنیت منظور کی گئی۔

| ممبر سازی نمبر | کاروبار کا نام | ممبر سازی نمبر | کاروبار کا نام |
|---|---|---|---|
| AM-943 | PAPPU USED AUTO PARTS DEALER | AM-946 | ISLAMABAD LPG TRADERS |
| AM-944 | KARACHI GENERAL STORE | AM-947 | BEAUTY ZONE PARLOR |
| AM-945 | TAYYAB TRADERS | | |

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

**قرارداد 63**

اجلاس میں تجویز دی گئی کہ لوکل گورنمنٹ چکوال فلاح و ترقی کیلئے جو بھی کمیٹیز بناتی ہے اس میں چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو شامل کرنا چاہیئے کیونکہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے چکوال کیلئے ہونے والے ترقیاتی کاموں میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کا حصہ لیا ہے۔ کہا گیا کہ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر چکوال سے درخواست کی جائے کہ وہ اس حوالے سے ہدایات جاری کریں۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا۔

**قرارداد 64**

اجلاس میں موجود تمام ممبران نے اس بات کی اتفاق رائے سے منظوری دی کہ بلدیہ کے بورڈ ٹیکس کے کونٹریکٹ کو چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو لینا چاہیے۔ اس حوالے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں۔

**قرارداد 65**

اجلاس میں طے پایا کہ مصر کیلئے چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کا جو وفد جا رہا ہے ان سے مبلغ-/5000 روپے چیمبر فیس وصول کی جائے گی۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا۔ اور متفقہ طور پر اس کی منظوری دی۔

**اہم سرگرمیاں:**

- نائب صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد احمد فاروقی کی نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے ملاقات۔
نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پنجاب کے تمام چیمبرز کے عہدیداران سے ملاقات کی۔ محسن نقوی نے اپنی گفتگو میں کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ وفاقی حکومت کے مذاکرات سے ملک میں معاشی سرگرمیوں میں تیزی آئی ہے اور امید ظاہر کی کہ جلد ہی ہماری معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائے گی۔ اس موقع پر نائب صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد احمد فاروقی، آئی جی پنجاب عثمان انور صاحب اور صوبائی وزیر برائے صنعت و تجارت ایس ایم تنویر صاحب بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار بھی وڈیو لنک کے ذریعے اور دیگر عہدیداران موجود تھے۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار صاحب نے تمام تاجر برادری کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت معیشت کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔
- 15 جولائی 2023 بروز ہفتہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود نے چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیکریٹریٹ کا دورہ کیا اور چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران سے ملاقات کی۔ بانی چکوال چیمبر و گروپ لیڈر قاضی محمد اکبر نے ڈی پی او چکوال کو شہر کے مسائل سے آگاہ کیا اور خاص طور پر شہر میں ٹریفک کے مسائل کے حل کے لیے ایک پارکنگ پلازہ بنانے کی تجویز پیش کی تاکہ تحصیل چوک تا 15 چوک ٹریفک کے دباؤ کو کم کیا جا سکے۔ ڈی پی او چکوال نے تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور متعلقہ ایس ایچ او کو فوری ایکشن لینے کا کہا۔ اسکے علاوہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تجویز کردہ تین ناموں کو تھانہ سٹی کی ثالثی کونسل میں شامل کر لیا گیا ان میں نائب صدر احمد فاروقی ایگزیکٹو ممبر غلام حر اور سابق نائب صدر خالد مرزا شامل ہیں۔ میٹنگ میں گروپ لیڈر قاضی محمد اکبر سابق صدور حاجی نذیر سلطان، خواجہ عارف یوسف، خرم کامران، حاجی نور سلطان اور شیخ ہارون نائب صدر محمد احمد فاروقی ایگزیکٹو ممبران حاجی محمد اسحاق، سہیل اختر اور غلام حر سابق نائب صدر خالد مرزا اسکے علاوہ صوفی مشتاق بھٹی، فاروق گوندل، غلام محمد کھوٹ، رانا زاہد، محمد طفیل اور کامران ظفر بھی موجود تھے۔

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com

- چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام حالیہ بجلی کے بلوں میں 13 سے زائد نئے ٹیکسز اور بے تحاشہ مہنگائی کے خلاف چکوال چیمبر سیکرٹریٹ میں ریلی کا انعقاد کیا گیا جسکی صدارت بانی چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری قاضی محمد اکبر، صدر چیمبر آف کامرس وقار ظفر بخناوری، سینئر نائب صدر محمد عمر سمی، نائب صدر احمد فاروقی، خواجہ عارف یوسف، ملک خرم کامران، حاجی نذیر سلطان، ملک غلام مرتضیٰ، ملک حفیظ انجم، محمد معین اکرم، خالد مرزا، ڈاکٹر ریاض الدین ضیاء و دیگر عہدیداران نے کی، ریلی میں سول سوسائٹی، وکلاء برادری، تاجران تنظیموں، پراپرٹی ایسوسی ایشن، جماعت اسلامی کے امیر اشرف آصف و دیگر نے کثیر تعداد میں شرکت کی، ریلی چیمبر آف کامرس سیکرٹریٹ سے شروع ہوئی اور مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی تحصیل چوک پر پہنچی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بجلی کے بل، پلے کارڈ اور احتجاجی بینرز اٹھار کھے تھے، تحصیل چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، احتجاجی مظاہرے کے شرکاء نے بجلی کے بل پکڑ کر احتجاج ریکارڈ کروایا، احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے بجلی گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ کے بعد پیدا ہونیوالی غیر یقینی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ گیس پیٹرول ادویات اور بجلی سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء میں اضافہ بدترین ظلم کے خلاف عوام سراپا احتجاج ہے نگران حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کرے پٹرول بجلی پر ٹیکسوں کو فوری واپس لیا جائے، چکوال چیمبر آف کامرس کے صدر وقار ظفر بخناوری نے کہا کہ پورے پاکستان میں چیمبرز فیڈریشن احتجاج کر رہی ہے اور اگر حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم نہ کیا تو فیڈریشن سے مشاورت کے بعد اگلے لائحہ عمل کے بارے میں اعلان کیا جائے گا اس موقع پر مظاہرین بجلی کے بلوں میں اضافہ نامنظور، بل کسی صورت جمع نہیں کروائیں گے، کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔
- 30 اگست 2023 بروز بدھ چیمبر سیکریٹریٹ میں ایف-بی-آر کے تعاون سے سمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سمینار میں اسسٹینٹ کمشنر چکوال اور ان کے عملہ نے ٹیکس اور متعلقہ دیگر اہم معلومات پر بریفنگ دی۔
- چکوال میں جم خانہ کا قیام۔ 30 مارچ 2023 بروز منگل کو چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی صدر وقار ظفر بخناوری کی قیادت میں کمشنر راولپنڈی سے انکے آفس میں ملاقات کی تھی جس میں چکوال میں جم خانہ کے قیام کی منظوری دی گئی۔

(وقار ظفر بخناوری)
صدر

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

(سائرہ صدیق)
سیکریٹری جنرل

CamScanner